نیلام عام کینٹین

(کینٹ پبلک سکول و کالج)

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر کینٹونمنٹ بورڈ اپنی تعمیر شدہ کنٹین واقع کینٹ بورڈ سکول / کالج سیالکوٹ کینٹ کا ٹھیکہ برائے حقوق کرایہ داری عرصہ تین سال (یکم جولائی 2024 تا 30 جون 2027) کے لیے نیلام کر رہا ہے جو کہ مورخہ 24 جون 2024ء بوقت 12:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ میں منعقد ہوگا۔ مقررہ تاریخ پر بولی نہ ہونے کی صورت میں بولی اگلی تاریخ 25 جون 2024ء کو ہوگی۔ اگر اس تاریخ پر بھی بولی نہ ہوئی تو پھر سہ بار بولی مورخہ 26 جون 2024ء کو ہوگی اور اس بارے میں کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

شرائط:

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل زر بیعانہ مبلغ -/Rs.5,00,000 کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ جمع کروانا ہوگا۔ نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی۔ جو کہ ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو اختتام پر واپس کر دیا جائے گا۔

2۔ شرائط پڑھ کر سمجھ کر مکمل آگاہی دریافت کر کے ہر غلط فہمی بولی سے قبل دور کر کے مکمل ذمہ داری سے دیں بوقت بولی کوئی عذر اعتراض قابل سماعت لائق منظور نہ ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو حتمی منظوری کے بعد چھ (6) ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی اور چھ (6) ماہ کا کرایہ بطور ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی رقم ماہانہ اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو ماہانہ اقساط ہر ماہ کی 5 تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ بورڈ کے منظور کردہ ریٹس پر سکول / کالج اوقات کے دوران اشیاء خورد و نوش فراہم کرکا ذمہ دار ہوگا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ کنٹین کی صفائی اور اشیاء خورد و نوش کے معیار کا خیال رکھے۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے خرچہ پر سینٹری، الیکٹرک فٹنگ اور فکسچرز کی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہوگا۔

9۔ بجلی، پانی، گیس، ٹیلی فون وغیرہ کا کنکشن اور دیگر الائیڈ چارجز کی ادائیگی ٹھیکہ دار کی ذمہ داری ہوگی۔

10۔ کنٹین میں کیڑے مار سپرے / صفائی ستھرائی رکھنے کی ذمہ داری ٹھیکہ دار پر ہوگی۔

11۔ کنٹین میں ریفریجریٹر وغیرہ رکھنے کی ذمہ داری ٹھیکہ دار پر ہوگی۔

12۔ کھانے پینے کی تمام اشیاء کے display کے لیے صاف شیشے والے Racks مہیا کرنا بھی ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

13۔ فرائی کے لیے آئل کا استعمال بار بار نہیں ہوگا اور حفظانِ صحت کے عین مطابق ہوگا۔

14۔ کنٹین کے باقاعدہ Fly Proofing کی جائے گی جو کہ متعلقہ ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

15۔ بولی دہندہ افراد جو کہ ادارہ ہذا کے نادہندہ ہیں بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

16۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق تمام لاگو ٹیکسز بشمول جی ایس ٹی اور انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

17۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی سے منظوری ہونے کے بعد 15 یوم کے اندر مقررہ نیلام پر تحریری معاہدہ اپنے خرچہ پر کرنے کا پابند ہوگا۔

18۔ کامیاب بولی دہندہ اپنی اور اپنے اسٹاف کی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں، پولیس ویریفیکیشن اور سٹاف کی تمام تفصیل بھی فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔

19۔ دیگر معلومات ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جاسکتی ہیں۔ یا R.S. کینٹ بورڈ سیالکوٹ سے ٹیلی فون نمبر 4260671 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

20۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / بورڈ کو اختیار حاصل ہوگا بمطابق PPRA رولز بولی کو منظور یا مسترد کر دے۔

21۔ نیلام بمطابق PPRA رولز 2004 عمل میں لائی جائے گی۔

22۔ کامیاب بولی دہندہ / کرایہ دار کسی بھی دوسرے شخص کو کنٹین sublet نہ کر سکے گا۔

23۔ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی دوسرے شخص کو کنٹین کے المشتہر حقوق کرایہ داری منتقل نہ کر سکے گا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

سیالکوٹ کینٹ

Scanned with CamScanner